TEST ▶ 2	URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی)	T.MARKS ● 35

NAME		ROLL NO		SECTION	
TEST TYPE	8TH DIVISION WISE	DATE	____/____/____	CHECKED BY	

سوال نمبر1) درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) کانگرس کب قائم ہوئی؟

(A) 1885ء میں (B) 1886ء میں (C) 1895ء میں (D) 1906ء میں

II) مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟

(A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

III) قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادی ہیں؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

IV) رن کی زمیں سرخ تھی اور آسماں تھا:

(A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سرخ

V) نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) علامہ محمد اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) ظفر علی خاں (D) احسان دانش

سوال نمبر2) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) علامہ اقبال نے مسلمانوں کے لئے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

II) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

III) دوسرے بند میں نہر کے ''لب'' سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر3) مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''نظریہ پاکستان'' **5X1 ▶ 05**

سوال نمبر4) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

شعر نمبر1)	سرخی اُڑی تھی پھولوں سے سبزی گیاہ سے	پانی کنوؤں میں اُترا تھا سائے کی چاہ سے
شعر نمبر2)	یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر!	ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!
شعر نمبر3)	جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے	اور تیرے کوکب تقدیر کا پر تو بھی ہے

سوال نمبر5) مضمون لکھیں ''قائداعظم'' **8X1 ▶ 08**

سوال نمبر6) مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

غالب نے القاب وآداب، مزاج پرسی و خیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سرمو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب وآداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے، مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً ''میاں''، ''برخوردار''، ''بندہ پرور''، ''مہاراج''، ''پیرومرشد''، ''بھائی صاحب''۔ اس سے زیادہ لکھا تو ''میری جان کے چین میاں سرفراز حسین''، ''میرے مہربان، میری جان، مرزا تفتہ سخن دان، کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع: ''صاحب تم کیا چاہتے ہو؟'' ۔۔۔یا۔۔۔ ''مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے''۔ اسی طرح دعا سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

1) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے/اجزا کیا ہیں؟

2) آپ نے غالب کے خط پڑھے ہیں ان کی زبان کیسی ہے؟

3) خط کیوں لکھا جاتا ہے؟

4) قدیم دستور مکتوب نگاری کیا تھا؟

5) حامد حسن قادری نے غالب کی مکتوب نگاری کی جو خصوصیات بتائی ہیں، اسکا خلاصہ لکھیں۔